## سوال

(50) کیا تشہد میں یا ایہا النبی پڑھنا چاہیے یا علی النبی ۔

## جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ التحیات میں ایہا النبی پڑھنا چاہیے ی اعلی النبی بندہ کا اکثر حنفیوں سے جھگڑا ہوتا رہتا ہے جواب دیکر تسلی فرما دیں ؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ اَیُّھَا النَّبِیُّ اور اَلسَّلَامَ عَلَی النَّبِیِّ دونوں طرح کہنا جائز ہے ۔ پہلی صورت میں استحضار خیالی کی صورت ہوگی ، یعنی نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو خیال میں لاکر مخاطب کیا گیا ہے ۔ نہ کہ حاضر وناظر سمجھ کر۔

## فتاویٰ علمائے حدیث

**جلد 3 ص 175**